Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 5 Preparation

Q1. سورہ الالنبیاء کے آخر میں کس عقیدہ پر ایمان لانے کا زکر ہے.

Ans 1: سورہ الانبیاء کے آخر میں آخرت پر ایمان لانے کا زکر ہے

Q2. سورہ انبیاء کون سی سورت ہے اور اس میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورہ الانبیاء مکی سورت ہے - اس میں ایک سو بارہ آیات ہیں-

---

Q3. حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ کس کو مسخر کیا گیا.

Ans 1: حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ پہاڑوں اور پرندوں کو مسخرکردیا تاکہ وہ ان کے ہمراہ تسبیح کیا کریں.

Q4. اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ کیوں بنائے

Ans 1: اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ اس لیے بنائے ہیں کہ کہ زمین ہنے نہ پائے . اللہ نے پہاڑوں کو زمین میں میخوں کی طرح گاڑ دیا.

Q5. کفار نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم سے کس بات کا مطالبہ کرتے تھے.

Ans 1: کفار نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلمسے مطالبہ کرتے تھے کہ عذاب کا وعدہ کب پورا ہوگا.

Q6. سورہ الانبیاء کو یہ نام کیوں دیا گیا.

Ans 1: سورۃ الانبیاء میں پچھلے انبیاء کرام علیہم اللسلام کی نبوت کا حوالہ دے کر حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کو ثابت فرمایاگیا ہے- اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سورۃ الانبیاء ہے.

Q7. سورۃ الانبیاء پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیئے.

Ans 1: تعارف: سورۃ الانبیاۃ میں پچھلے انبیاء کرام علیہ السلام کی نبوت کا حوالہ دے کر حضرت محمدرسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کو ثابت فرمایا گیا ہے. اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سورۃ الانبیاء ہے. سورۃ الانبیاء اس سورتوں میں سے جن کے بارے میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ میرا قدیم مال اور قیمتی اثاثہ ہیں-

Ans 2: مضامین:- سورۃ الانبیاء کے آخر میں آخرت پر ایمان لانے کا زکر ہے- قیامت کے قریب آنے اور دیگر احوال قیامت کا بیان ہے- پھر اس حقیقت کا زکر ہے کہ ثابت قدمی اور اخلاص کے ساتھ نیکی کی راہ پر چلنے والوں کے لیے کامیابی ہے- ایسے لوگوں کو آخرت میں کوئی خوف نہ ہوگا. ساتھ ہی یہ بتیا گیا ہے.کہ سرور کائنات حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے سراپا رحمت بناکر بھیجا گیا ہے.

Q8. سورۃ الانبیاء کی علمی و عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- جو بات ہم نہیں جانتے وہ ہمیں علم رکھنے والوں سے پرچھ لینی چاہیے. 2- اللہ تعالی نے یہ دنیا محض کھیل تماشہ کے لیے نہیں بلکہ بامقصد طور پر پیدا فرمائی ہے.- 3- اللہ تعالی ہمیشہ حق کو باطل سے ٹکراکر باطل کا سر کچل دیتا ہے. 4- ہرشخص اپنے اعمال کا اللہ تعالی کے سامنے جواب دہ ہے. 5- جؤ بآت ہم نہیں جانتے وہ ہمیں علم رکھنے والوں سے پوچھ لینی چاہیے-

---

Q9. سورۃ الانبیاء کا خلاصہ کیا ہے؟

Ans 1: سورۃ الانبیاء اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر طرح طرح کے ستم ڈھارہے تھے- سورۃ الانبیاء میں توحید باری تعالی کے دلائل دیے گئے ہیں- قرآن مجید اور رسالت پر مشرکین کے اعتراضات کا بھر پور جواب دیا گیاہے. سورت کے درمیانی حصہ میں انبیاء کرام عنھا السلام اور حضرت مریم علیہ السلامکا تذکرہ فرمایا گیا ہے.

Ans 2: سورۃ الانبیاء کے آخر میں آخرت پر ایمان لانے کا زکر ہے- قیامت کے قریب آنے اور دیگر احوال قیامت کا بیان ہے- پھر اس حقیقت کا زکر ہے کہ ثابت قدمی اور اخلاص کے ساتھ نیکی کی راہ پر چلنے والوں کے لیے کامیابی ہے. دوسری مکی سورتوں کی طرح سورۃ الانبیاء کا خلاصہ بھی توحید ، رسالت اور آخرت کا بیان ہے.

Q10. سورہ الانبیاء کب نازل ہوئی

Ans 1: سورہ الالنبیاء اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر طرح طرح کے ظلم وستم ڈھا رہے تھے
